اشک ریز: مولانا حافظ محمد ابراہیم فانی
دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

عالم وفاضل عجب اک مقریٔ قرآن تھا

حضرت مولانا **قاری سعید الرحمن** صاحب قدس سرہ کی وفات پر

بانی جامعہ اسلامیہ راولپنڈی صدر

اک ولی کامل کا بیٹا خود بڑا ذی شان تھا ۔۔۔ عالم وفاضل عجب اک مقریٔ قرآن تھا
اک مفسر اک محدث اک فقیہہ باکمال ۔۔۔ باوفا و باصفا وصاحب ایقان تھا
جب حجازی لے میں پڑھتے تھے قرآنی آیتیں ۔۔۔ اس ادا پر آپ کی شیدا ہر اک انسان تھا
حافظِ فرقانِ پاک و واعظِ شیریں بیاں ۔۔۔ آسمان علم پر اک نیرِ تابان تھا
بحرِ ذخّارِ علوم و مرجعِ طلابِ دیں ۔۔۔ پیکرِ زہد وتقیٰ ماہر سیاستدان تھا
خوش مقال وخوش خصال وخوش لباس وخوش لقا ۔۔۔ خوب سیرت خوب صورت اور خوش الحان تھا
نکتہ دان و نکتہ بیں نکتہ شناس و نکتہ سنج ۔۔۔ میرِ محفل اور ہر مجلس کی گویا جان تھا
کیں ودیعت رب نے اس کو کیسی کیسی نعمتیں ۔۔۔ واقفِ سرِّ شریعت عارفِ احسان تھا
حسنِ اخلاقِ مجسم عجز کی کامل تصویر ۔۔۔ لائقِ صد عزو ناز و فائقِ اقران تھا
شان استغناء تھی ان کی کیا عجیب و بے مثال ۔۔۔ اور قناعت میں بوصفِ بوذر وسلمان تھا
جن کی ہر مو سے ٹپکتی تھی وقار و تمکنت ۔۔۔ وہ نجابت اور شرافت کا جلی عنوان تھا
رو رہے ہیں اہل دل باخونِ دل خونِ جگر ۔۔۔ جس کا دھڑکا تھا ہمیں وہ یہ غمِ ہجران تھا
مستحقِ تعزیت ہیں آپ مولانا سمیع ۔۔۔ اٹھ گیا اب وہ جو تیرا یار گل افشان تھا
طالع برجِ سعادت میں رقم تھا ان کا نام ۔۔۔ درحقیقت وہ سعید واسعد ازمان تھا
غم یہ فانی آپ کا تنہا نہیں قاری عتیق ۔۔۔ ملک وملت کے لئے وہ نعمتِ رحمان تھا